فرہنگ

اصطلاحات ذرائع ابلاغ

(سوئم۔ چہارم)

ڈاکٹر جمیل اختر

فرہنگ

اصطلاحات ذرائع ابلاغ

سوئم - چہارم

(اخبارات ورسائل - پرنٹنگ پریس)

فرہنگ

اصطلاحات ذرائع ابلاغ

سوئم - چہارم

(اخبارات ورسائل - پرنٹنگ پریس)

مرتب

ڈاکٹر جمیل اختر

انٹرنیشنل اردو فاؤنڈیشن، نئی دہلی - ۲۵

نام کتاب : فرہنگ اصطلاحات ذرائع ابلاغ
(حصہ سوئم چہارم)
نام مرتب : ڈاکٹر جمیل اختر
پہلی بار : فروری ۲۰۰۲ء
تعداد : پانچ سو
قیمت : 250/- روپے
ناشر : انٹرنیشنل اردو فاؤنڈیشن
ڈی 149 - ابوالفضل انکلیو، نئی دہلی - ۲۵، فون: 6197512
لیزر ٹائپ سیٹنگ : اے ٹو زیڈ کمپوزر اینڈ پرنٹرس - نئی دہلی
مطبع : اے - بی سی آفسٹ پرنٹرس - دہلی - ۶

ملنے کے پتے

۱۔ انجمن ترقی اردو، اردو گھر راؤز ایونو نئی دہلی ۲
۲۔ موڈرن پبلشنگ ہاؤس - گولا مارکیٹ - دریا گنج - نئی دہلی - ۲
۳۔ مکتبہ جامعہ اردو بازار، دہلی ۶
۴۔ مکتبہ اسلامی لہیر یا سرائے در بھنگا
۵۔ مکتبہ استعارا - غفار اپارٹمنٹس 248 گلی نمبر 10 غفار منزل ایکسٹینشن نئی دہلی - ۲۵
۶۔ ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ
۷۔ ایجوکیشنل پبلی شنگ ہاؤس لال کنواں دہلی ۶
۸۔ سیمانت پرکاشن کوچہ روہیلا، دریا گنج دہلی ۶
۹۔ بک ایمپوریم اور کتاب منزل سبزی باغ پٹنہ
۱۰۔ ظفر بک ڈپو، مظفر پور بہار

FARHANG ISTALAHAT-E-ZARA-E-ABLAGH
Part III & IV (News Paper & Printing Press)
Edited by
Dr. Jameel Akhter
Published by:
International Urdu Foundation
Milli Times Building
D-149, Abul Fazal Enclave
Feb 2002 New Delhi-25- Tel : 6197512 Rs. 250/-

اپنے چچا حافظ محمد نورالہدیٰ

اور

اپنی چچی رفعت النساء

کے نام

کہ

جنھوں نے میری پرورش و پرداخت اور تعلیم و تربیت اپنے
بیٹوں کی طرح کی۔ اور کبھی کوئی کمی محسوس نہیں ہونے دی۔

اور

جنھوں نے ہمیشہ میری کامیابیوں و کامرانی کی نہ صرف دعائیں کیں
بلکہ میری ہر کامیابی پر بے انتہا خوشی بھی محسوس کی۔
میں آج جو کچھ بھی ہوں ان لوگوں کی
دعاؤں کا ثمرہ ہوں۔
خدا انھیں عمر دراز عطا کرے
تاکہ
ان کا سایہ شفقت و محبت ہم پر دیر تک قائم رہے۔

باتیں اپنی

1983ء میں جواہرلال نہرو یونی ورسٹی سے ماس میڈیا ان اردو کا اڈوانس ڈپلوما کورس کرنے کے دوران جب ٹرم پیپر کے لیے ماس میڈیا کی اصطلاحوں کو جمع کرنے کا ٹاپک دیا گیا تو میں نے نصابی ضرورتوں کے تحت اصطلاحوں کو جمع کرنے کا کام شروع کر دیا۔ اس طرح کوئی سو ڈیڑھ سو اصطلاحیں کچھ دنوں کی کاوشوں کے بعد میں نے جمع کرلیں۔ اصطلاحوں کو جمع کرنے کے دوران مجھے یہ خیال آیا کہ اردو میں چوں کہ ماس میڈیا کی اصطلاحیں موجود نہیں ہیں کیوں نہ میں اس کام کو کرکے اس خلا کو پر کروں۔ اس وقت میرے پیش نظر دو مقاصد تھے۔

1۔ ایک تو ہندوستان کی تین یونیورسٹیوں عثمانیہ یونورسٹی حیدر آباد، کشمیر یونیورسٹی سری نگر اور جواہرلال نہرو یونیورسٹی نئی دلی میں باضابطہ اردو میں ماس میڈیا کا ڈپلوما کورس ہو رہا تھا۔ جس کی نصابی ضرورتوں کے لیے بھی اصطلاحوں کی ضرورت تھی۔ جو کہیں بھی کتابی صورت میں دستیاب نہیں تھی۔

2۔ دوسرے ہندوستان بھر میں ریڈیو اور ٹی وی کے مراکز تیزی سے کھل رہے تھے۔ جس میں اردو نیوز اور اردو پروگرام کا باضابطہ شعبہ بھی ساتھ ساتھ کھل رہا تھا اور کچھ پہلے سے کام بھی کر رہا تھا۔ یہاں بھی اردو میں کام کرنے والے افراد کے لیے خبروں اور دوسرے پروگراموں کے لیے اصطلاحوں کے اس متبادل نظام کی ضرورت تھی جو

ہندی اور انگریزی میں تو موجود تھے لیکن اردو میں نہیں تھے ۔ جس کی وجہ سے اردو والوں کو کافی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ اور بعض وقت صورتِ حال یہ ہو جاتی تھی کہ انگریزی کی ایک ہی اصطلاح کا مختلف اوقات میں اردو متبادل مختلف ہو جاتا تھا اور ایسا کسی معیاری فرہنگ اصطلاحات کے نہ ہونے کی وجہ سے ہوتا تھا۔ اور یہ صورت حال ہنوز باقی ہے۔

لہٰذا میں نے اس کام کرنے کا عہد کیا اور منصوبہ بنایا۔ کچھ تو وسائل کی تنگی اور کچھ مسائل حیات۔ ان دونوں کے بیچ میں ایسا سینڈوچ بنا کہ عرصہ تک یہ منصوبہ التوا میں پڑا رہا۔ جس لگن اور تندہی سے اس کام کو کرنے کی ضرورت تھی غم روزگار نے اس میں کافی رخنے ڈالے۔ میں کچھ کچھ وقت نکال کر اس کام کو سست رفتاری سے کرتا رہا۔ کئی سالوں کی محنت کے بعد جب میں نے اپنے مجتمع کاموں پر نظر ڈالی تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی کہ توقع سے زیادہ کام وسائل کی عدم سہولیت کے باوجود میں نے انجام دے دیا تھا۔

شروع میں میرا منصوبہ صرف ٹی وی اور ریڈیو کی اصطلاحوں کو مجتمع کرنے کا تھا۔ لیکن کام کے دوران مجھے خیال آیا کہ کیوں نہ اس کام کو وسعت دے کر ذرائع ابلاغ کی اصطلاحوں کو کلیتاً جمع کر دیا جائے۔ پھر میں نے اپنے منصوبے میں تبدیلی کرتے ہوئے اسے درج ذیل چار حصوں میں تقسیم کیا۔

1۔ ڈرامے کی اصطلاحیں۔ (اسٹیج، ریڈیو، اسٹریٹ، ٹی وی)

2۔ ٹی وی، ریڈیو اور فلم کی اصطلاحیں۔

3۔ اخبارات و رسائل کی اصطلاحیں۔

4۔ طباعت کی اصطلاحیں۔

اور پھر ان پر باضابطہ کام کا سلسلہ شروع کیا۔ اردو میں کام کا کوئی نمونہ میرے پیش نظر تھا نہیں۔ اس موضوع پر اردو میں شائع شدہ تمام کتابوں کو کھنگالنے کے بعد اصطلاحات کا مختصر سا ذخیرہ ہی میرے ہاتھ لگا جو میرے منصوبے اور کام کی اہمیت و افادیت کے پیش نظر بے حد قلیل تھا۔ پھر میں نے مختلف لغات اور اصطلاحوں کی ڈکشنریوں کی طرف رجوع کیا۔ دلی کے ان اداروں سے رابطہ کیا جہاں ماس میڈیا کا ڈپلوما یا ڈگری کورس ہو رہا ہے۔ ان سے انگریزی اصطلاحات کے ذخیرے حاصل کیے پھر ان کو اردو میں منتقل کیا۔

ٹیلی ویژن کی اصطلاحات کے لیے میں نے ٹی وی سنٹر والوں کی تیار کردہ اصطلاحات کے اس کتابچے کو معیار بنایا جو وہ اپنے نو منتخب ملازمین کو ٹریننگ کے دوران فراہم کرتے ہیں۔ 80 صفحے کے اس کتابچے میں تقریباً وہ تمام اصطلاحیں شامل ہیں جو ٹی وی سنٹر میں استعمال ہوتی ہیں۔ اس میں داخلی اور خارجی سبھی اصطلاحیں ہیں جو شوٹنگ کے دوران عام طور پر مستعمل ہیں۔ اس میں ریڈیو اور فلم کی اصطلاحوں کا اضافہ الگ سے کیا گیا ہے۔ بہت سی ایسی اصطلاحیں بھی اس میں شامل کی گئیں ہیں جو اس کتابچے کی تیاری کے بعد استعمال میں آگئے ہیں۔ یہ اصطلاحیں اتنی ہیں کہ اردو کے طالب علم کو کبھی بھی دشواری پش نہیں آئے گی۔

یہاں میں یہ بات واضح کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ میں نے زیادہ تر مروجہ اور مستعمل اصطلاحوں کو مجتمع کیا ہے اور کچھ اصطلاح سازی بھی کی ہے۔ انگریزی کی اصطلاحوں کو اردو میں منتقل کرنے کے سلسلے میں میں نے تشریحی اور تفصیلی طریقے کو اپنایا ہے۔ اس لیے کہ یہاں اردو کی متبادل اصطلاحیں بہت کم موجود ہیں اور اصطلاح سازی بہت مشکل کام ہے۔ دوسرے یہ کہ تکنیکی اصطلاحوں کا اردو متبادل ایک تو

موجود نہیں ہے دوسرے ہر اصطلاح کا متبادل فراہم کرنا ممکن بھی نہیں ہے۔ بلکہ انگریزی اصطلاحات کو اس کی اپنی اصلی شکل میں اردو میں ہضم کر لینا زیادہ درست ہوگا۔ اس لیے کہ سائنسی ترقی کے اس دور میں ہر اصطلاح کا اردو متبادل فراہم کرنا نہ صرف دشوار ہے بلکہ ناممکن بھی ہے۔ اس لیے کہ ایجادات کے مارکیٹ میں لاؤنچ ہو جانے کے بعد آدمی انگریزی اصطلاحات سے اس قدر مانوس ہو جاتا ہے کہ اب اگر چند برسوں کے بعد اس کا اردو میں متبادل فراہم بھی کر دیا جائے تو عوامی سطح پر اس کا مستعمل ہونا عملاً ممکن نہیں ہوتا۔ ہاں ادبی سطح پر تحریروں میں کچھ چلن ہو جائے تو الگ بات ہے۔

انٹرنیٹ۔ ای میل، فیکس، فوٹو کاپیئر، کمپیوٹر، پیجر، سیلولر فون، سیٹ لائٹ، ڈی جی ٹل ڈائری وغیرہ کا اردو متبادل ممکن ہے؟ اگر ہو بھی جائے تو کیا ان کی جگہ لے سکے گا۔ میرے خیال میں نہیں لے سکے گا۔ ٹھیک اسی طرح جس طرح ٹی وی، ریڈیو، ٹرین، لاؤڈ اسپیکر، پریس (کپڑا پریس کرنے والا پریس) لیمپ، ٹیپ ریکارڈ وغیرہ الفاظ و اصطلاح کا اردو متبادل رائج نہیں ہو سکا اور انگریزی الفاظ کو ہی اردو میں ضم کرنا پڑا۔ اسی طرح کمپیوٹر کے پارٹ پرزوں کے اردو نام نہیں دیئے جا سکتے ہیں اور نہ عملاً یہ ممکن ہے۔ لہٰذا اردو میں اس طرح کے الفاظ کو دوسری زبانوں کے ہو بہو قبول کر کے اپنانا ہوگا۔ ہاں ان لفظوں کے معنی و مفہوم تک رسائی کے لیے ان کی تفصیلات اردو میں فراہم کی جا سکتی ہے۔ جس سے اردو قاری اطمینان بخش طور پر اس لفظ یا اصطلاح کو سمجھ کر استعمال کر سکتا ہے۔ اس سے نئے لفظوں کی قبولیت میں آسانی ہوگی اور اردو کے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ بھی ہوگا۔

میری مجتمع کردہ اصطلاحات میں اس طرح کے کچھ الفاظ ضرور آئے ہیں جو ہو بہو

دوسری زبان سے قبول کر لیے گئے ہیں۔ لیکن زیادہ تر اصطلاحیں ایسی ہیں جن کا متبادل اردو میں موجود ہے۔

اس کتاب کے دو حصے ہیں۔ حصہ سوئم اور چہارم۔ حصہ سوئم میں اخبارات ورسائل کی اصطلاحیں ہیں اور حصہ چہارم میں پرنٹنگ پریس کی اصطلاحوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

اخبارات ورسائل کی اصطلاحوں کو ہم تین حصوں میں تقسیم کر کے دیکھ سکتے ہیں۔

1- دفتری نظام سے متعلق اصطلاحیں۔

2- خالص تکنیکل اصطلاحیں۔

3- خبروں سے متعلق عمومی اصطلاحیں۔

ان تمام اصطلاحوں کی اپنی جگہ بے حد اہمیت ہے۔ تکنیکل اصطلاحوں میں بہت سی اصطلاحیں پرنٹنگ پریس اور اخبارات کی مشترک ہیں۔ دفتری نظام کی اصطلاحوں میں بھی یہ شراکت کسی حد تک دیکھنے کو ملے گا۔ لیکن اخبارات ورسائل کی مخصوص اصطلاحیں اپنی جگہ بالکل الگ ہیں۔ ان اصطلاحوں میں بہت سی اصطلاحیں اس میدان کے افراد کو بھی متحیر کر سکتی ہیں اس لیے کہ اس سے قبل اس یکجا انداز میں یہ تمام چیزیں ان کی نظروں سے بھی نہیں گذری ہوں گی۔ بہت سی اصطلاحوں کی اس قدر تفصیلی معلومات بھی شاید اس سے قبل ان کو نہ رہی ہو۔ اس سلسلے میں، میں صرف دو اصطلاحوں کی مثال دینا چاہوں گا ایک تو News اور دوسری Head line/Leed/Heading ۔ اس کتاب میں اس لفظ کے تحت جو اندراجات ہیں اور اس کی جو تفصیلات ہیں وہ اس سے قبل نگاہوں سے نہ گذری ہوں گی۔ سرخیوں کی اقسام جو میں نے مثالوں کے ساتھ یہاں درج کی

ہیں بہت سے لوگوں کو اس کی خبر نہیں ہوگی۔ ان چیزوں کو جمع کرنا اور ان کی تفصیلات فراہم کرنا کوئی آسان کام نہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اس کام کو کرنے میں اتنا عرصہ لگا۔ پھر بھی یہ ہر طرح سے مکمل ہو اس کا کوئی دعوا نہیں ہے۔ ہاں یہ اس سمت میں کی گئی ایک منظم اور بامقصد کاوش ضرور ہے جو طلباء محقق اور اخباری عملہ کو سہولت بہم پہنچائے گی۔

پرنٹنگ پریس کی اصطلاحوں میں کچھ تو خالص تکنیکل ہیں یعنی مشینی نظام سے متعلق ہیں اور کچھ غیر تکنیکل ہیں یعنی مشینی نظام سے الگ ہٹ کر طباعت کے الگ مرحلوں اور زمروں سے متعلق ہیں ان میں کچھ اصطلاحیں پریس کے دفتری نظام سے متعلق ہیں اور بقیہ مسودے کی تیاری، کتابت، کمپوزنگ، پروف ریڈنگ، طباعت اور جلد سازی تک کا احاطہ کرتی ہیں۔ ان میں اخبارات و رسائل اور کتابوں کی تیاری و طباعت کی جملہ تمام اصطلاحوں کا احاطہ کیا گیا ہے اور کوشش یہ کی گئی ہے کہ طباعتی نظام کے مرحلہ وار جملہ تمام امور کی اصطلاحوں کا احاطہ ہو جائے۔

ان اصطلاحوں کا احاطہ کرنا کوئی آسان کام تو تھا نہیں بلکہ بے حد دشوار گذار کام تھا۔ لہٰذا مختلف زمروں کی اصطلاحوں کو جمع کرنے کے لیے پریس کے مختلف محکموں کے لوگوں سے مل کر زیادہ تر ان اصطلاحوں کی معلومات حاصل کی گئی جو مستعمل اور مروج ہیں۔ ان میں پریس کی مختلف قسمیں اور طباعت کے مختلف طریقوں کی اصطلاحیں بھی ہیں۔ غرض کہ طباعت سے متعلق چھوٹی بڑی تمام اصطلاحوں کو مجتمع کرنے کی حتی الوسع کوشش کی گئی ہے۔ پھر بھی اس بات کا بے حد امکان ہے کہ بہت سی اصطلاحوں تک میری رسائی نہ ہو سکی ہوگی اور وہ شامل فرہنگ ہونے سے رہ گئی ہوں گی۔ میری جستجو و تلاش کا سلسلہ جاری ہے بقیہ جو اصطلاحیں بھی ہاتھ آئیں گی وہ دوسرے ایڈیشن میں شامل کر دی جائیں گی۔ اس طرح افادیت سے بھرپور یہ کام مکمل ہو جائے گا۔

یوں تو اصطلاحات کی تعریف ہی اختصار اور جامعیت ہے اور ایک لفظ سے وہ کام لیا گیا ہے جو کئی جملے اور کئی کئی پیراگراف میں بھی ممکن نہ تھا۔ یعنی اصطلاح معنی ومفہوم کی تہ داری اور گہرائی وگیرائی سے بھرپور ایک ایسا علم ہے جس کے ذریعے معنی ومطالب کے جہان کی افہام وتفہیم کی جاتی ہے۔ بقول پروفیسر وحید الدین سلیم۔

''اصطلاحیں درحقیقت اشارے ہیں جو خیالات کے مجموعوں کی طرف ذہن کو فوراً منتقل کر دیتے ہیں۔''

آج اس سائنسی علم نے تمام شعبہ ہائے علوم کو اپنی گرفت میں لے لیا ہے۔ اب علوم کے فروغ کا تصور اس کے بغیر نہیں کیا جا سکتا۔ خاص طور پر سائنسی انقلابات کے اس دور میں جہاں سائنسی علوم نے برق رفتاری سے ترقی کے منازل طے کیے ہیں اور پوری دنیا کو اپنی سحر کاری میں گرفتار کر لیا ہے۔ جہاں صرف اختصار اور جامعیت پر ہی زور دیا جا رہا ہے۔ تفصیلات سے حتی الامکان گریز کرنے کی کوشش ہو رہی ہے۔ لفظ اور اصطلاحوں سے آگے بڑھ کر کوڈ کا استعمال ہو رہا ہے۔ اختصار کے اس دور میں اصطلاحوں کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ اصطلاح سازی کے اس دور میں اصطلاحوں کو آسان اور عام فہم بنانے کی کوشش کی جائے۔ تب ہی اسے قبولیت حاصل ہو سکے گی اور عوامی سطح پر اس کا چلن ممکن ہو سکے گا۔ مشکل اصطلاحیں صرف کتابوں تک محدود ہو کر رہ جائیں گی اور اس سے مختلف زبانوں میں اصطلاحوں کی منتقلی کا مقصد ہی فوت ہو جائے گا۔ اردو میں بھی اس کو منتقل کرتے وقت اس بات کا خیال رکھنا ہوگا۔

اصطلاحوں کی اسی اہمیت کے پیش نظر میں نے اس سمت میں ایک حقیر سی مگر جرأت مندانہ کوشش کی ہے۔ اور ذرائع ابلاغ کی اصطلاحوں کو انگریزی سے

اردو میں منتقل کیا ہے۔ گرچہ یہ کام بہت مشکل اور دشوار گزار تھا پھر بھی میں نے اسے ایک چیلنج سمجھ کر قبول کیا اور پایہ تکمیل تک پہنچا کر دم لیا۔ اہمیت سے بھرپور اس کام کی خوبیوں اور خامیوں کی نشاندہی آپ قارئین پر چھوڑتا ہوں۔ اس لیے کہ قارئین سے بہتر ناقد اور مصنف کوئی اور نہیں ہوسکتا۔

میرا یہ کام پایہ تکمیل تک نہیں پہنچتا اگر میرے بڑے بھائی ڈاکٹر نجیب اختر اور شکیل افضل اور چھوٹے بھائی کفیل اختر اور عدیل اختر اضافی گھریلو ذمہ داریوں سے مجھے الگ نہ رکھتے ان لوگوں نے قدم قدم پر میری مدد کی۔ تب میں اس کام کو مکمل کر سکا۔ میں اپنے عزیز دوست ڈاکٹر توحید خاں کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے پروف میں میری مدد فرمائی اور کچھ بہتر مشورے بھی دیے۔ میں اپنے بزرگ محترم جناب شہباز حسین صاحب کا بھی بے حد شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کتاب کی تیاری میں میری ہر ممکن مدد کی۔ ان تمام لوگوں کی مدد کے بغیر اس کام کا مکمل ہونا ممکن نہیں تھا۔ میں ان تمام لوگوں کا شکر گزار ہوں۔

عقابی

ڈاکٹر جمیل اختر

فروری ۲۰۰۲ء

314، میر سنگھ ہاؤس

منیر کا ولیج

نئی دلی۔ 110067

فون: 6197512

A

Abatement	تخفیف
Abbreviation	مخفف۔ اختصار
Abbreviated Form	مخفف صورت
Above Reference	محولا بالا
Above Referred	محولہ بالا
Abridge Edition	تلخیص شدہ اڈیشن
Abridgement	تلخیص
Abstract	تجریدی۔ خلاصہ
Abstract Language	تجریدی زبان
Abstract Style	تجریدی انداز۔ تجریدی طرز
Abstraction	تجرید
Abstruse	مبہم۔ پیچیدہ
Absurd	لغو، مہمل
Acadmic	علمی
Account	حساب
Account Book	بہی کھاتہ / محصل رجسٹر
Accuracy	صحت، درست۔ ٹھیک ہونا
Accurate	صحیح۔ درست، ٹھیک
Acknowledgement	تصدیق، رسید وصولی
Acknowledgement Card	رسیدی کارڈ
Acknowledgement Page	رسیدی صفحہ

Acquisition Editor	اکتسابی مدیر
Acting Edition	تمثیلی اشاعت / عارضی اشاعت
Action	عمل
Active Voice	فعل معروف
Activity	سرگرمی
Ad	اشتہار کا مخفف۔ اشتہار
Ad Extremum	انتہائی
Ad hoc	عارضی۔ فی الوقتی
Ad Infinitum	لامتناہی
Ad interim Copyright	اثنائی حق تصنیف۔ عبوری حق تصنیف
Ad Rate	اشتہار نرخ۔ اخبارات و رسائل میں جگہ کالم انچ کے حساب سے نرخ مقرر ہوتے ہیں اور ریڈیو یا ٹی وی میں وقت یعنی فی سکنڈ یا فی منٹ کے حساب سے اشتہاری نرخ مقرر ہوتے ہیں۔
Add	کسی مضمون میں سے مواد کا اضافہ اخبار کے۔ (اضافہ کا مخفف) صفحہ اول کے بعد کے سارے صفحات Adds کہلاتے ہیں۔
Addendum / Addenda	تمتہ۔ اضافہ
Addiment	ملحقہ
Addition	اضافہ
Additional	اضافی
Additional Reading	اضافی مطالعہ۔ اضافی پروف پڑھا
Additional Work	اضافی کام
Adjective	صفت

Adjustment	تطبیق
Administration	نظم و نسق۔ انتظام
Advance	کسی خبر یا واقع کی پیشگی رپورٹ۔ قبل از وقت کاپی کی تیاری۔ پیشگی تنخواہ سے قبل از وقت پیسے لینا
Adverse	ناموافق
Advertise	مشتہر کرنا
Advertisement	اشتہار
Advertising	تشہیر
Advertising Agency	تشہیری ایجنسی۔ اشتہاری ایجنسی
Advertising Layout	تشہیری ترتیب
Advisor	مشیر
Agate Type	اخباروں میں استعمال کیا جانے والا سب سے چھوٹا ٹائپ۔ اس کی گہرائی ساڑھے پانچ پوائنٹ ہوتی ہے۔ چودہ (agate lines) ایک انچ کے برابر ہوتی ہیں۔ جس کا استعمال اخبار کے کالم اور اشتہارات کی گہرائی کی پیمائش کے لئے کیا جاتا ہے۔
Aggregative	عطفی مرکب
Agreement	معاہدہ۔ اقرار نامہ
Aims and Object	اغراض و مقاصد
Aims and Scope	اغراض و حدود
Alignment	خط بندی۔ سیدھ بندی
Allograph	تحریر غیر
Allophone	ہم صوت

Alphabetical Order	ابجدی ترتیب
Alteration	ردو بدل۔ تبدیلی
Alteration to Proof	پروف میں ردو بدل۔ تبدیلی۔
Alternative	متبادل
Alto_relievo	ابھری تصویر
Amalgamation	انضمام
Amendment	ترمیم
Analyse	تجزیہ کرنا
Analytical	تحلیلی۔ تجزیاتی
Analytical News	تجزیاتی خبر نگاری۔ وہ خبر جو تمام حالات و کوائف اور سیاق و سباق کا مفصل تجزیہ کرنے کے بعد دی جائے اور جس میں حال کے پیش نظر مستقبل کی پیش گوئی بھی ہو
Angle Brackets	زاویاتی بریکٹ
Angle of View	زاویہ نظر۔ خبر کو ایک خاص زاویہ نگاہ سے پیش کرنا۔
Annexation	الحاق
Anonym	فرضی نام
Anonymity of Author	مصنف کی گمنامی
Annonymous Author	گمنام مصنف
Annonymous Book	گمنام مصنف کی کتاب
Antithesis	تقابل
Aorist	فعل مضارع
Apostrophe	علامت / اضافت

Appendi — ضمیمہ

Appointment — تقرری

Approach — رسائی۔ پہنچ

Appropriate Authority — مخصوص مقتدرہ۔ مناسب مقتدرہ

Appropriate Marks — مناسب نشانات

Appropriate Place — مناسب جگہ۔ معقول جگہ۔

Appropriate Steps — موزون اقدامات۔

Approval — منظوری

Approved — منظور شدہ۔ منظور

Approximately — اندازاً

Approximation — اندازہ۔ تخمین

Architype — اولی طرز۔ محرابی طرز

Arculus — قوس دار

Area — رقبہ

Areola — ہالا۔ حلقہ

Art — اخبار میں ڈرائنگ، کارٹون اور فوٹو گراف وغیرہ کے ذریعہ کئے گئے Illustration کو کہتے ہیں۔

Art Director — آرٹ ڈائرکٹر

Art Editor — آرٹ ایڈیٹر۔ اخبار کی آرائش و زیبائش کے شعبے کا سربراہ

Art Paper — آرٹ کاغذ

Art work — فنی کام۔ آرٹ کا کام

Article — مضمون

Article fee code	معاوضہ مضمون کا ضابطہ
Artificial	مصنوعی
Artist	فنکار
Atristic	فن کارانہ
Artistic use	فن کارانہ استعمال
Articulate line	واضح لکیر
Artistic validity	فن کارانہ جواز
Artistic work	فن کاری
Aspect	پہلو۔رخ
Asperity	کھردار۔ ناہموار
Assessment	اندازہ تشخیص
Assistant Editor	نائب مدیر
Associate Editor	شریک مدیر
Association of Editors	انجمن مدیران
Attention gelling quality	توجہ کش صلاحیت
Attribution	(نسبت) خبر دینے والے کے ذریعے سے منسوب بیان کو کہتے ہیں مثلاً خبر بناتے ہوئے اس کو اس کے ذریعے سے منسوب کرنا کہ فلاں نے کہا
Audit Bureau of Circulation (ABC)	سرکاری ادارہ جو اخبارات رسائل کی اشاعت کی جانچ پڑتال کر کے تعداد اشاعت کے سرٹی فیکٹ جاری کرتا ہے۔ اس سرٹی فیکٹ کی بنا، پر متعلقہ اخبار یا رسالے کو ملنے والے اشتہارات کے نرخ متعین ہوتے ہیں

Augens	حرف تاکید
Author	مصنف
Authors Corrections	تصحیح مصنف
Author index	اشاریہ مصنف
Author proof	تصحیح مصنف
Autographic transfer	تحریری منتقلی
Automobile	آٹو موبائل۔ خودرواں
Awxiliary	معاون(فعل)
Average	اوسط
Aversion	بیزاری
Axial	محوری
Axiate pattern	محوری اسلوب
Axis	محور

B

Babytype	خبروں کی تفصیل میں استعمال ہونے والا ٹائپ
Back	پشت
Back bone	ریڑھ کی ہڈی۔ خبروں کا اہم حصہ ۔جس پر خبر کی بنیاد ہوتی ہے۔
Back cover	پائیں سرورق۔زیریں سرورق
Back Ground	پس منظر۔کسی مسئلے کے مختلف پہلوؤں کو سیاق و سباق سے بیان کرنا خبر بننے والے واقعہ کا پس منظر
Backlog of articles	مضامین کا محفوظ سرمایہ

Back margin	پشتی حاشیہ
Back news	پچھلی خبر۔ گزری ہوئی خبر
Back page	پچھلا صفحہ۔ اخبار کا آخری صفحہ
Back page news	آخری صفحہ کی خبر
Balance	متوازن۔ اخبار یا رسالے کے صفحے پر مواد کو اس اندازہ سے ترتیب دینا کہ وہ پورے صفحے پر متوازن اور متناسب انداز میں پھیل جائے۔
Balance News	متوازن خبر۔ جس میں اعتدال ہو۔ کسی چیز یا شخص کو بڑھا چڑھا کر نہ پیش کیا گیا ہو
Balance of payments	ادائیگیوں کا توازن
Banausic	سوقیانہ
Bank	شاہ سرخی کا ایک حصہ (اصطلاح Desk کو بھی اسی معنی میں استعمال کیا جاتا ہے) ایک ٹیبل جس پر ٹائپ رکھا جاتا ہے
Banner	جلی حرف یا بڑے ٹائپ میں وہ شاہ سرخی جو اخبار کے اوپری سرے پر اس طرف سے اس طرف تک نمایاں طور پر پھیلی ہوئی ہے اسے Streamer یا Ribbon بھی کہتے ہیں۔
Basic	اساسی
Bastard title (Half title)	نصف عنوان
Beat	بعض اخباروں میں رپورٹنگ کا کام علاقہ وار تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ یہ علاقہ اس رپورٹر کا حلقہ کہلاتا ہے۔ کسی بھی نامہ نگار کا مخصوص علاقہ (اسے رن بھی کہا جاتا ہے) کسی

بھی نامہ نگار کے ذریعے خصوصی طور پر یا پہلی بار حاصل کی ہوئی
خبر۔ یا خبر پر مبنی کہانی۔

Begyour Pardon اخباری تصحیح جو کسی سابق خبر میں ہوئی غلطی کے متعلق الگ سے
ایک ائیٹم کے طور پر چھپا ہوتا ہے

Biblical کتابی

Bibliography کتابیات

Bibliophil کتاب پسند

Binder جلد ساز

Binding جلد سازی۔ جلد بندی

Binding edge جلد کنارا۔ پشتہ

Binding of Books کتابوں کی جلد بندی

Binding of Journal مجلہ کی جلد سازی

Binding room دفتری خانہ۔ روٹری مشین پر چھپنے والے اخباروں کو تہ کرنے کا
کام بھی مشین ہی انجام دیتی ہے۔ لیکن دوسری مشینوں پر
اخبارات و رسائل اور کتابوں کی الگ الگ کاپیاں چھپتی ہیں۔ اس
لئے پہلے ان کو کاٹنا اور تہ کرنا پڑتا ہے۔ تہ کرنے کے بعد ان کو الگ
الگ پیکٹوں یا بنڈلوں میں بند کر کے ہر بنڈل پر پتے کی چٹ چسپاں
کی جاتی ہے۔ یہ سارا کام دفتری خانہ میں ہوتا ہے۔

Birth right پیدائشی حق

Bizarre effect حیران کن اثر

Black & whit printing کالی چھپائی۔ سیاہ و سفید چھپائی

Blanket head وہ شاہ سرخی جو ایک سے زیادہ کالم پر محیط ہو، جو دو یا اس سے

زیادہ متعلقہ خبروں کا اختصار پیش کرتا ہے

Bleed — متن بریدہ ۔ بے حاشیہ ۔ کسی تصویر کو صفحہ کے آخر تک لے جانا اور کوئی مارجین نہ چھوڑنا۔

Bleed illustration — بے حاشیہ تصویر

Blind interview — اندھا انٹرویو ۔ایسا انٹرویو جس میں انٹرویو دینے کا نام نہ ہو۔ جیسے وزارت خارجہ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ ...... ایسے انٹرویو کو اندھا انٹرویو کہتے ہیں ۔اس کو لیمپ پوسٹ انٹرویو بھی کہتے ہیں۔

Blow up — کسی تصویر کو بڑا کرنا

Blue book — سنسنی خیز۔ سستا ناول۔ نیلی کتاب

Blue laws — کالے قوانین

Blue print — نیلی طباعت۔ بلو پرنٹ۔ خاکہ۔ پختہ نقشہ

Body of book — متن کتاب

Bold face — ایک بھاری سیاہ ٹائپ جس کا مخفف اکثر B.F استعمال ہوتا ہے اس کے لئے Full Face اور ff کی اصطلاحات استعمال ہوتی ہیں۔

Bold outline — واضح خاکہ

Bold type — جلی ٹائپ۔ نمایاں ٹائپ

Bond paper — دستاویزی کاغذ

Book — نامہ نگاروں کے استعمال کے لیے یکجا کر کے رکھے ہوئے کاغذ اور کاربن ۔ایک خبر یا ایک مضمون کو دو یا تین صفحات پر محیط کہنے کی بجائے اکثر دو یا تین بک پر مشتمل کہا جاتا ہے۔

Book let — کتابچہ

Book piracy — سرقہ کتاب

Book printer	طابع کتاب
Book publisher	ناشر کتاب
Book review	تبصرہ کتاب
Book reviewer	مبصر کتاب
Book size	تقطیع کتاب۔ کتابی جسامت
Book value	کتابی قیمت
Book worm	کتابی کیڑا
Border	حاشیہ۔ شاہ سرخی، خبر، مضمون۔ یا اشتہار کو گھیرنے کے لیے جس لکیر یا آرائشی قاعدے کا استعمال کیا جاتا ہے اسے حاشیہ کہتے ہیں۔
Bottom	زیریں۔ نچلا حصہ اخبار کا
Bottom Centre	زیریں مرکز
Bottom News	زیریں خبر۔ وہ خبر جو زیریں حصے میں ہوتی ہے
Bottom Note	زیریں نوٹ
Bourgeoise	بورژوا
Box	کوئی خبر، مضمون یا شاہ سرخی جو حاشیہ (بورڈر) سے بند ہو۔
Box heading	نمایاں سرخی
Box story	حاشیے کی خبر۔ ایسی خبر جو حاشیے میں دینے کے قابل ہو۔
Bracket	قوسین۔ بریکٹ
Break	وہ نقطہ جہاں پر کوئی خبر یا مضمون ایک صفحے یا کالم سے دوسرے صفحے یا کالم تک جاری ہو۔
Breakage	ٹوٹ پھوٹ
Brochure	چھوٹا رسالہ۔ پمفلٹ

Building	عمارت
Build up	نمایاں کرنا۔ کسی کی شہرت اور مقبولیت کو بڑھانا۔ کسی کہانی، خبر، واقعہ کو پھیلانا
Bulldeg	کسی اخبار کا سب سے جلدی شائع ہونے والا اڈیشن
Bulletin	آخری لمحے کی وہ اہم خبر جو ایک یا دو پیراگراف پر محیط ہوتی ہے ۔ ایک پریس ایسوسی ایشن بلٹن جو اہم تعارفی خلاصہ پر محیط پہلے پیراگراف پر مشتمل ہوتی ہے۔ جس کے بعد اس میں ضمنی تفصیلات ہوتی ہیں
Business Card	کاروباری کارڈ
Business Magazine	کاروباری مجلہ
Business method	کاروباری طریقے
Business news	تجارتی خبریں / کاروباری خبریں
By Authority	بہ اجازت۔ بہ اختیار
By line	خبر یا مضمون کے اوپر یا اندر کی وہ سطر جس میں کسی نمائندہ اخبار، مضمون یا مقالہ نگار کا نام دیا جاتا ہے

C

Calligrapher	کاتب، خطاط، خوش نویس
Calligraphic Art	فن خطاطی
Calligraphy	خطاطی
Calligraphist	خطاط

Calligraphic type خطاطی نما ٹائپ

Canned copy خبریں، مضامین وغیرہ حاصل کر کے رسالوں اور اخبارات کے ہاتھ بیچنے والے ادارے (Syndicates) سے خریدی گئی یا ان اداروں یا پبلسٹی ایجنٹوں سے وصول کیا گیا مواد۔

Capitalistic Economy سرمایہ دارانہ معیشت

Capitalized نمایاں تحریر شدہ

Capitalization کلاں حروف نویسی

Caps بڑے حروف (Capital letter) کا مخفف جلی حروف

Caption کسی اخبار رسالے یا کتاب میں شائع شدہ تصویر، کارٹون یا فلمی نقوش (Illustration) کے نیچے یا اوپر تشریحی جملہ یا جملے جس میں تصویر کی وضاحت کی جائے۔

Cardinal number عدد ترتیبی

Caricature خاکہ

Caricaturist خاکہ نگار۔ خاکہ ساز

Carry back پس منتقلی

Carry forward پیش منتقلی

Carryon جاری رکھنا

Carry over پیش منتقلی

Carry out جاری رکھنا

Cartogram نقشہ نگارش

Cartographer نقشہ نگار

Cartography نقشہ نگاری

Cartologes فن نقشہ نگاری

Cartoon کارٹون، مزاحیہ اور طنز آمیز تصویر

Cartoonist کارٹونسٹ

Cast ڈھالنا۔ بنانا

Cast off طباعت میں مسودہ کتنی جگہ لے گا اس کا اندازہ کرنا

Casting ڈھلائی۔ قالب ساز

Catalogue فہرست

Catch line اشاریہ، کیچ لائن۔ بعض خبروں کی دو منزلہ، سہ منزلہ سرخیاں دینے کی بجائے اشاریہ استعمال کر لیا جاتا ہے۔ مثلاً ویت نام یا پاکستان کی خبروں پر تفصیل لکھنے کے بجائے دائیں طرف باکس میں ویت نام پاکستان لکھ کر نیچے ایک منزلہ سرخی دے دی جاتی ہے۔

Catch line lead اشاراتی سرخی۔ جو سرخی اصل واقعہ کی تفصیل دینے کے بجائے واضح اشارے کے طور پر ایک دو تین الفاظ پر مبنی ہو۔

Catch word خاص لفظ۔ خبروں سے کسی خاص لفظ کا انتخاب

Casualty ward شعبہ حادثات

Causerie ادبی مضمون

Caution انتباہ

Censorship پابندی

Censorship of news Paper اخبارات پر پابندی

Censorship of printer ناشروں کا احتساب

Centre مرکز

Central axis مرکزی محور

Central news organisation شعبہ خبر کی مرکزی تنظیم

Centre of circle مرکز دائرہ۔ دائرہ کا مرکز

Centering ارتکاز

Chain papers ایک ہی سلسلہ مطبوعات کی کڑیاں۔ ایک ہی ادارے یا شخص کی ملکیت کے زیر انتظام چھپنے والے اخبارات وجرائد۔ مثلاً پروگریسو پیپر لمٹیڈ۔ ٹائمز گروپ۔ سہارا انڈیا وغیرہ

Chamber خانہ

Change in manuscripts مسودے میں تبدیلی

Chang in Proof تصحیح / پروف میں تبدیلی

Changing over تبدیلی

Chapter title عنوان باب

Chase اخبار کے سائز کا وہ میٹل فریم جس میں ٹائپ مقفل کیا جاتا ہے۔ ٹائپ بند / فرمہ

Cheap edition سستا اڈیشن

Check up پڑتال۔ جانچ

Checklist فہرست پڑتال

Cheesecake ان تصویروں کے لیے پیشہ وارانہ زبان کا استعمال جو عورتوں کی جسمانی کشش خصوصاً پاؤں کی کشش کو اہمیت دیتی ہے۔ اس کے لیے دوسری اصطلاح Leg Art بھی ہے۔

Chemist دواساز

Chronica روزنامچہ

Chronological order سلسلہ واقعات۔ زمانیات

Chronology	تقسیم زماں۔ علم زماں
Cipher	خفیہ رسم الخط
Circa	تقریباً
Circulation	اخبار یا رسالے کی تعداد اشاعت۔
Circulation Manager	منتظم اشاعت ۔ اس کے ذمے اخبار یا رسالے کی اشاعت سے متعلق امور ہوتے ہیں۔
Circulation promotion	اشاعت بڑھانا۔ اخبارات و جرائد کی فروخت میں اضافہ کرنا۔
Circular	سرکلر۔ گشتی مراسلہ
Circular letter	گشتی مراسلہ
Citation	حوالہ
Citation in text	متنی حوالہ
City Brief	اہم مقامی خبروں کا خلاصہ
City Desk	مقامی خبروں کو فراہم کرنے اور انہیں مرتب کرنے والا شعبہ
City Editor	مقامی خبروں سے متعلق عملے کا انچارج۔ مدیر مقامی
City Head Line	مقامی خبروں کی سرخیاں۔
City News	مقامی خبریں۔
Claims	دعاویٰ
Clarity	وضاحت۔
Class struggle	طبقاتی کشمکش
Clean Draft	صاف مسودہ

Clean Proof — صاف ستھرا پروف

Clips — Clippings کا مخفف۔ اخبار یا رسالے کے تراشے جو کسی اخبار یا رسالے سے تراش کر اخبار کی لائبریری میں رکھا جاتا ہے۔

Clipping_Cutting — اخباروں اور رسالوں کے کٹے ہوئے حصے جو ریکارڈ یا دوسری اغراض سے جمع یا محفوظ کیے جائیں۔

Clip Sheets — اشتہار جو کاغذ کے ایک طرف چھپا ہوا ہوتا ہے تا کہ اسے ضرورت کے مطابق آسانی سے کاٹ کر استعمال کیا جاسکے۔

Coated Paper — روغنی کاغذ

Co_Author — شریک مصنف

Code for Advertisement — اشتہاری ضابطہ

Co_Editor — شریک مدیر / معاون مدیر

Co_Existence — بقائے باہمی

Code of Ethics — رمز اخلاقیات

Coincidence — اتفاق

Collaboration — تعاون اشتراک

Collating — توریق۔ مقابلہ کرنا

Collation — توریق مقابلہ

Colophon — ترقیمہ (تحریر خاتمہ کتاب) ناشر کا نشان یا تجارتی مارکہ جو سرورق پر کتاب کے آخر میں پایا جاتا ہے۔ یا ناشر کا مصنف کی لکھی ہوئی تحریر جس میں کتاب کی اشاعت یا تصنیف سے متعلق معلومات ہوں۔ اس قسم کی باتیں پہلے کتاب کے آخر میں ہوتی تھیں لیکن اب کتاب کے سرورق یا بائیں ہاتھ کے صفحے پر ہوتی ہیں۔

Colour Illtulrotion — رنگین تصویر

Colour Photograph — رنگین تصویر

Colour Printing — رنگین چھپائی۔

Colour Scheme — رنگ اسکیم

Column — اخبار یا رسالے وغیرہ کے صفحے کی پیمائش کی اکائی۔ اخبار یا رسالے کا ہر صفحہ کالموں میں تقسیم ہوتا ہے۔ اردو کے موجودہ اخبارات کا کالم دو انچ چوڑا ہوتا ہے اس کی لمبائی اخبار کے صفحے کے سائز کے مطابق ہوتی ہے۔

Column Inch — پیمائش کا وہ معیار جو اخبار کے کالم پر بنی ہوتا ہے۔ دو کالم چوڑا اور پانچ انچ لمبا اشتہار، دس کالم انچ ہوتا ہے۔ اخبار یا رسالے کے ایک کالم کی ایک انچ لمبائی کو کالم انچ کہا جاتا ہے۔

Column rule — وہ لکیر جو اخبار کے کالم کو ایک دوسرے سے علاحدہ کرتا ہے۔

Combination Head line — اجتماعی سرخی۔ بعض اوقات ایک ہی قسم، ایک ہی علاقے یا ایک ہی قسم کی خبروں پر ایک اجتماعی سرخی لگادی جاتی ہے۔ جیسے دلی کی خبریں، علی گڑھ کی خبریں وغیرہ۔ نیچے خبروں کی الگ الگ سرخیاں دے دی جاتی ہیں۔

Command of Hand — ہاتھ کا کمال۔ دستی عبور۔

Commercial Art — کمرشیل آرٹ

Commissioned Manuscript — ماموریہ مسودہ

Common Symbol — عام علامت

Communal Rights — فرقہ وارانہ فسادات

Comparative Degree — صفت نسبتی

Comparison — موازنہ۔ مقابلہ

Compass — قطب نما۔ پرکار

Competitive examination — مقابلے جاتی امتحان۔ مقابلہ کا امتحان۔

Complimentry Copy — اعزازی نسخہ

Compose — کمپوز کرنا۔ حرف چینی کرنا۔

Composer — کمپوزر۔ حرف ساز

Composing — حرف سازی۔

Composing room — کمرہ حرف سازی۔ کمپوزنگ روم۔ اخبار کا وہ شعبہ جس میں ٹائپ سٹ ہوتا ہے۔

Composition — حرف کاری، حرف چینی، ٹائپ کی واقعی سیٹنگ

Comprehension — ادراک

Compositor — حرف کار، حرف چیں، ٹائپ کے حرف کو جوڑنے والا ٹائپ سیٹنگ مشین کو چلانے والا

Compound — مرکب

Compoundable — قابل صلح نامہ

Conciliation — مصالحت

Connotation — تضمین۔ مفہوم

Conspicuous — نمایاں، واضح

Construction — بناوٹ

Consumption — صرف۔ کھپت

Content — فہرست

Contract — معاہدہ

Contrast — تضاد اخبار یا رسالے کے صفحے کے میک اپ کو توازن کے برعکس تضاد کے اصول پر ترتیب دینا۔ یعنی صفحے کے مختلف گوشوں اور حصوں میں دیئے جانے والی تصویریں اور سرخیاں شکل میں متضاد ہوں ہم شکل نہ ہوں۔

Contributing Author — معاون مصنف

Copy — مسودہ جس سے ٹائپ سٹ کرتے ہیں۔

Copy Board — نقل بورڈ۔ کاپی بورڈ

Copy boy — وہ شخص جو ادارتی کمرہ کے پیادہ یا قاصد کے فرائض انجام دیتا ہے

Copy Cutter — ادارتی کمرہ کا ملازم جو کمپوزیٹروں کے درمیان مسودہ تقسیم کرتا ہے۔

Copy Desk — وہ ڈیسک جہاں کاپی ایڈیٹ کی جاتی ہے اور سرخی لگائی جاتی ہے۔

Copy Editing — ادارت مسودہ (برائے طباعت)

Copy Editor — مدیر مسودہ

Copy Holder — نسخہ بردار۔ غلطیوں کی اصلاح کرنے کے لیے مسودہ پڑھتے وقت وہ شخص جو مسودہ کو تھامے رکھتا ہے۔

Copy Reader — ادارتی کمرہ کا وہ ملازم جو کمپوزنگ روم کے لیے مسودہ تیار کرتا ہے اور اس کے لیے سرخیاں لگاتا ہے

Copy Right — حق تصنیف

Copy Right ad_interim — اثنائی حق تصنیف

Copy Right Law — قانون (تحفظ) حق تصنیف

Copy Right Notice — اطلاع برائے حق تصنیف

Copy Right Page	حق اشاعت کا صفحہ
Copy Right Permission	حق تصنیف کی منظوری
Copying Page	نقل نویسی کا غذ
Correcting Proof	پروف کی تصحیح
Correction	تصحیح
Correction Line	غلطیوں کی تصحیح کرنے کے لئے پھر سے جوری گئی ٹائپ کی لائنیں
Correction mark	نشان تصحیح
Corrector	تصحیح کنندہ
Correspondence Filing	خط و کتابت کی مسل کاری
Correspondent	نامہ نگار۔ اخبار کا رپورٹر جو بیرونی مقامات (اندرون ملک یا بیرون ملک) سے خبریں ارسال کرتا ہے۔
Corrigendum	تصحیح نامہ
Corrupt Writing	بگڑی ہوئی لکھائی
Counter mark	ثانوی نقش آب
Court fee	عدالتی فیس
Cover	کسی واقعہ کو خبر بنانے کے لئے اطلاع حاصل کرنا۔۔۔ سرورق
Coverage	ریڈیو یا ٹی وی اسٹیشنوں کے ترسیلی موصولی علاقے۔ ایک علاقے میں کسی اخبار یا رسالے کے قارئین کی تعداد۔ خبروں کی تجویز۔ اشاعت یا ریڈیو ٹی وی سے نشر و تشہیر
Cover Design	سرورق کا ڈیزائن
Covering Material	پوش مواد
Cover Page	سرورق۔ اخبار کا پہلا صفحہ

Craft Man	دست کار
Craftman ship	دستکاری
Creative Process	تخلیقی عمل
Credit Line	وہ سطر جس میں کسی خبر، مضمون یا تصویروں کے عکس (Engraving) کے حوالے کا ذکر ہوتا ہے۔
Creed	اخبارات کے دفتر میں ٹیلی پرنٹر کو کریڈ کا نام دیا گیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پہلی۔ ٹیلی پرنٹر مشین کریڈ کمپنی نے بنائی تھی
Critical Reading	تنقیدی مطالعہ
Crop	تصویروں کے عکس (Engraving) میں شامل ہونے والی کسی بھی تصویر کے حصے کی نشاندہی نشان لگا کر کرنا۔
Cropping	تراش، خراش (فصل خیزی) برشائی۔
Cropping Illustration	تصویروں کی برشائی
Cross Bar	ملانے والی پٹی
Cross Off	قلم زد کرنا
Cross Reference	متقابل حوالہ
Cryptic Word	پیچیدہ لفظ
Cryptogram	رمزی تحریر
Cub	نو آموز رپورٹر
Cultural Organization	ثقافتی انجمن
Culture Pattern	ثقافتی طرز
Culture Trait	ثقافتی وصف
Current Writing	تازہ مضمون

Cursive خط شکست. شکستہ خط

Cursive Style شکستہ انداز

Cursive Writing شکستہ خط، کتابت

Curtain Raiser قبل واقعہ خبر "کیا ہو چکا ہے" کے بیان کی جگہ کیا ہونے والا ہے پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ قبل واقعہ خبر

Cut قلم زد کرنا یا مختصر کرنا، اخبار کی کوئی بھی تصویر یا illstration اور Engraving کو

Cut copy اختصار شدہ مسودہ۔ کٹ کاپی

Cut Line کسی تصویر کارٹون یا قلمی نقوش کے اوپر یا نیچے درج وہ جملہ جو اس کے متعلق وضاحت کرتا ہے۔

Cut off Rule کالموں کے ایک طرف سے دوسری طرف کھینچی گئی وہ لکیر جو سرخی، خبر، مضمون Illustration اور اشتہار کو ایک دوسرے سے علاوہ کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

Cut Out ایسی تصویر جس کا پس منظر کاٹ دیا جائے۔

Cyclostyle سائیکلو اسٹائل

Curved Line خط منحنی

D

Daily روزنامہ

Daily Check List رپورٹر کی روزانہ فہرست

Daily journalism مجلاتی صحافت

Daily News Paper — روزنامہ اخبار

Daily Paper — روزنامہ اخبار

Darivative Noun — اسم مشتق

Dash — ایک کالم کی چوڑائی سے کم وہ لکیر جس کا استعمال مضمون، مضمون کے کسی حصے یا سرخی کے مختلف حصوں کو الگ کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔(فصلہ۔ ڈیش)

Dash matter — کسی خبر یا مضمون کے نیچے چھپا ہوا مواد جو اس خبر یا مضمون سے متعلق تو ہوتا ہے لیکن اس کی اصل کا حصہ نہیں ہوتا۔ یہ اوپر کی خبر یا مضمون سے ایک ڈیش کا نشان لگا کر الگ کیا ہوا ہوتا ہے۔

Date Line — وہ سطر جو مضمون یا خبر کے شروع میں ہوتی ہے۔ جس میں جائے وقوع تاریخ اور حوالہ درج ہوتا ہے۔ خبر کے متن کے شروع میں دی گئی تاریخ کو ڈیٹ لائن کہتے ہیں۔ مثلاً دلی۔20 جنوری۔۔۔اخبار کی پیشانی کے نیچے اشاعت کی تاریخ وہ جگہ والی سطر بھی ڈیٹ لائن کہلاتی ہے۔

Date of Publication — تاریخ اشاعت

Day book — روزنامچہ

Day Side — اخبار کا وہ عملہ جو دن کے وقت کام کرتا ہے۔

Dead — ٹائپ کی وہ نیوز کاپی (خبری مواد، مسودہ) جو ناقابل استعمال ہو چکا ہے۔

Dead Line — حتمی حد۔ آخری تاریخ۔ وقت کی وہ حد جس تک رپورٹروں کو اپنی خبریں لازمی دینی ہوتی ہیں یا اخبار کو مکمل کر کے پریس بھجوانا ہوتا ہے۔

Dead Manuscript — استعمال شدہ مسودہ۔ مستعمل مسودہ

Debris — ملبہ

Deck — سرخی کا ایک حصہ

Declaration	اقرار نامہ
Decorative Initial	زیبائشی آغازیہ۔ آرائشی حرف اول
Decorative Material	زیبائشی مواد
Decorative Scene	زیبائشی منظر
Dedication	انتساب
Dedication Page	انتسابی صفحہ
Deduct	کم کرنا۔ مختصر کرنا۔ منہا کرنا
Deduction	منہائی۔ کم کرنا
Defamation Libel	ہتک عزت۔ تحریر میں کسی کی ہتک کرنا
Defect	عیب۔ نقص
Defficit Budget	خسارے کا بجٹ۔ خسارے کا میزانیہ
Definite Number	عدد معین
Delay	تاخیر
Delete	حذف کرنا
Delivery	حوالگی، سپردگی
Deluxe Edition	اعلیٰ اڈیشن
Demand	مطالبہ
Demysize	ڈیمائی سائز۔ (کاغذ کی ایک تقطیع 5x221/2)
Depth	گہرائی
Derivation	اشتقاق
Design	نمونہ، ڈیزائن
Designer	نمونہ ساز

Designing	نمونہ سازی
Detached	منفصل
Detached Portion	منفصل حصہ
Detail News	تفصیلی خبر
Diacriacal Marks	امتیازی۔ ممیز نشانات
Diagonal	وتری
Diagram	شکل
Dialect	بولی
Dialectal	جدلیاتی
Diary	ڈائری۔ روزنامچہ
Dictatorial Powers	امرانہ اختیارات
Dictionary	فرہنگ۔ لغت
Dim Figure	دھندلی شکل
Dimension	بعد۔ پہلو۔ اطراف
Diminutive	مصغر (اسم)
Directness	راستی۔ سیدھ
Directorate of Education	نظامت تعلیم
Director of Education	ناظم تعلیم
Directory	ڈائرکٹری
Display	آرائش، نمائش
Disseminatio	نشر و اشاعت
Dissertation	تحقیقی مقالہ

Dissolve	مسخ کرنا
Distribute	تقسیم کرنا
Distribution	تقسیم
Distributor	تقسیم کار
Distortion	شکل بگاڑنا
District Man	ضلعی نامہ نگار۔ اسے ضلعی نمائندہ بھی کہتے ہیں
District Page	اضلاع کی خبروں کا صفحہ
Dittography	مکرر نویسی
Dividing	تقسیمی
Documentary draft	اسنادی مسودہ، دستاویزی مسودہ
Documentation	دستاویز کاری۔ دستاویزی ثبوت
Double Column	دو کالمی
Double Crown	کاغذ کا سائز۔ ڈبل کراؤن
Double Deck	دوہری سرخی
Double Flush	جس سرخی میں تمام سطریں کالم کے دائیں کنارے سے بائیں کنارے تک پہنچتی ہوں مثلاً۔ بنگلہ دیش سے بہاریوں کی واپسی کا مسئلہ ایک بار پھر ٹلا۔
Double Space Typing	دوہرے فاصلے کی ٹائپ کاری
Double Truck	اخبار کے بیچ کے وہ دو صفحات جو مل کر ایک صفحہ بن جاتا ہے یا اخبار کے بیچ میں آمنے سامنے کے وہ دو صصفحات یا حصہ جو مل کر ایک صفحہ بناتے ہیں
Down style	ایک طریقہ جس سے بڑے حروف کے استعمال کو کم کرتے

ہیں اور آگے ترجیح چھوٹے ساخت کے حروف کو دی جاتی
ہے جو کہ رسمی طور پر اسے اصل بناتا ہے اور قیمت مشخص
کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

Draft — مسودہ

Drafting — مسودہ نویسی

Draftman — مسودہ نویس

Dramatic Effect — ڈرامائی اثر۔تاثیر

Draughtsman — نقشہ نویس

Dress — اخبار کا میک اپ

Dropline — زینہ دار سرخی۔ یہ سرخی عام طور پر تین سطروں میں زینے کی صورت میں دی جاتی ہے۔

Druggist — نسخہ ساز

Dummy — ڈھانچہ۔ اخبار کے صفحے کا وہ چھوٹا ڈائی گرام جس پر ایڈیٹر پرنٹر کو ٹائپ اور Illustration کو مناسب جگہ پر لگانے سے متعلق ہدایات نشان لگا کر دیتا ہے۔ کاپی کا خاکہ جس میں یہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ کس صفحے پر مواد کی صورت کیا ہے۔ خبریں فیچر یا مضامین وغیرہ کو ترتیب دینے سے پہلے ایڈیشن صفحے کی ڈائی بنائی جاتی ہے۔

Dummy Edition — کسی اخبار کا وہ صفر اڈیشن جو نمونے کے طور پر نکالا جاتا ہے۔ تاکہ اجازت نامہ حاصل کیا جا سکے۔

Duplicate Manuscript — نقل مسودہ

Duplication — نقل گیری

Durable	پائیدار
Durability	پائیداری
Duration	وقفہ
Dustcover	گرد پوش
Duty List	فرائض نامہ
Duty Register	رجسٹر فرائض
Dynamic Arrangement	حرکی اہتمام

E

Ear_Panels	گوشے۔ اخبار کے پہلے صفحے پر پیشانی کے دونوں طرف کونوں کی جگہ۔
Ears	پیشانی۔ اخبار کا پہلا صفحہ جس پر اخبار کا نام موٹے حروف میں لکھا ہوتا ہے۔ اور اس کے دونوں طرف بنے ہوئے وہ خانے جس میں اخبار کی تعداد اشاعت، موسم کی پیش گوئی یا کوئی نعرے جیسی اطلاعات دی جاتی ہیں۔
Economic system	اقتصادی نظام۔
Economic Exploitation	معاشی استحصال
Edit	مرتب۔ مدون
Editing	ادارت
Edited actulity	منتخب حقیقت
Editio Citato	محولہ بالا اڈیشن
Editio Princeps	کسی کتاب کا سب سے پہلا اڈیشن

Edition	طبع اشاعت ۔ اڈیشن ۔ ایک بار میں اخبار کی شائع شدہ تمام کاپیاں، جو اخبار برابر شائع ہوتے ہیں ان کو Late Street اور Final home جیسے نام دئے جاتے ہیں
Edition binding	اشاعتی جلد بندی۔
Edition General	عام اڈیشن
Editor	مدیر۔ اخبار کے ادارتی شعبوں کا سربراہ جو اداریہ لکھتا ہے اور اپنے ماتحت شعبوں سے متعلق انتظامی امور انجام دینے کے علاوہ اخبار کی پالیسی کی تشکیل یا اس کی نگرانی کرتا ہے۔
Editor, Art	مدیر آرٹ
Editor Assistane	نائب مدیر
Editor, Chief	مدیر اعلیٰ
Editor, Executive	مدیر انتظامی
Editor, Guest	مہمان مدیر
Editor, Sub	سب اڈیٹر
Editorial	اداریہ۔ اخبار کے ادارتی صفحے پر باقاعدگی سے شائع ہونے والا وہ مضمون جس میں مختلف مسائل پر اخبار کی طرف سے رائے زنی کی جاتی ہے۔
Editorial, Assistance	ادارتی عملہ
Editorial Board	ادارتی بورڈ/ مجلس ادارت
Editor Section	ادارتی شعبہ
Editor Processing	مجلس ادارت
Editor Room	ادارتی کمرہ

Editorialize	حقیقی واقعہ یا خبر لکھنے کی بجائے مسائے کا اظہار کرنا۔ ایک اداریہ لکھنا۔
Editors Association	انجمن مدیراں
Editors Conference	ایڈیٹر کانفرنس۔ مدیروں کی کانفرنس
Editors Room	کمرہ مدیر
Effective Measure	موثر اقدامات
Effigy	مجسمہ
Ejecetion Position	صورت اخراج۔ بے دخلی کی صورت
Electric Equipment	برقی سامان
Electric Etching	برقی نقش ونگاری
Electric Typewriter	برقی ٹائپ مشین
Electrolysis	برق پاشی
Electro type	وہ طباعتی پلیٹ جو الیکٹرو کیمیکل عمل سے تیار کی جاتی ہے
Electrotyping	برقی ٹائپ کاری
Elegant Type	دیدہ زیب ٹائپ
Element	عناصر
Elephant folio	فیل ورقہ
Elephant paper size	فیل تقطیع کاغذ
Eleminate	خارج کرنا
Elevated	ارتفاع یافتہ (مرتفع) مرفع
Elevation	ارتفاع۔ بلندی
Elevator	مرفاع
Elision mark	علامت حذف۔ نشان حذف

Elliptic بیضوی

Em بڑے حروف M کا مربع جو ٹائپ کے کسی بھی سائز میں ہو۔ یہ 12 پوائنٹ کے ٹائپ پر مبنی چوڑائی کی اکائی کے لیے بے قاعدہ طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً کسی اخبار کا ایک کالم 12Ems چوڑا ہوتا ہے۔

Embargo کسی خبر، یا تقریر کو شائع یا نشر یا ٹیلی کاسٹ کرنے کے وقت سے پہلے جاری کیا جائے تو اس پر ایمبارگو لکھ کر یہ وضاحت کر دی جاتی ہے کہ فلاں وقت سے پہلے نشر یا شائع نہ ہو۔

.nbarrasment الجھن۔ پیچیدگی

Emblem Book علامتی تصویروں کی کتاب۔ ان تصویروں کو Emblem کہا جاتا ہے۔ ہر تصویر کے ساتھ ایک مقولہ (Motto) ہوتا تھا اور کبھی کبھار تشریح بھی ہوتی تھی۔

Emblem monogram علامتی مونوگرام

Emendation تصحیح۔ متن کی تصحیح جہاں اس میں صریحی غلطی ہو۔

Enamel میناکاری

Enchiridion دستی کتاب

Encyclopaedia مخزن علوم

End خاتمہ، اختتام

End Dask اختتامیہ نشان۔ ایک نشان جو کہانی کے اختتام پر استعمال کیا جاتا ہے۔

End leaf اختتامی ورق

Engraving کندہ چھپائی۔ کندہ سازی

Entitle	عنوان لگانا۔
Entitled	عنوان مضمون
Entry	اندراج
Epigraph	کتبہ۔ لوح کتاب یا باب کے شروع میں ایک اقتباس۔
Equal Spacing	مساوی فاصلہ
Equilibrium	توازن
Eraser	مٹانے والا
Errata	اغلاط نامہ
Erratum	غلطیاں (طباعت میں)
Error	غلطی
Essential Characteristic	لازمی خصوصیت
Estimate	تخمینہ
Etalil	وغیرہ و دیگر
Et Siqens	محولہ ذیل
Ethics	اخلاقیات
Etymology	اشتقاق / علم الاشتقاق
Euphemism	کنایہ
Evaporation	تبخیر
Even page	جفت صفحہ
Everyday Hand	روزمرہ کا انداز کتابت
Everyday writing	روزمرہ کا انداز تحریر
Exaggeration	مبالغہ آرائی

Example مثال

Exceptional Job استثنائی کام۔ غیر معمولی کام

Exchange تبادلے میں ملنے والی مطبوعات۔ تبادلہ

Exclamation mark علامت فجائیہ

Executive Editor مدیر انتظامی

Exclusive story خاص خبر۔ ایسی اہم خبر جو ایک اخبار میں چھپی ہو اور دوسرے میں نہ ہو۔

Excursus ضمیمہ

Ex-officio بلحاظ عہدہ

Expanding توسیع پذیر۔ پھیلنے والا

Explanatory note توضیحی حاشیہ

Expensive مہنگا

Expert ماہر

Expertise فنی صلاحیت۔ مہارت

Expose کشف کرنا

Exposure تکشیف

Express فوری

Extension توسیع

Extra زائد۔ مطبوعات کے معمول کے علاوہ چھپنے والے ایڈیشن

Extract اقتباس

Eye witness. چشم دید گواہ۔ آنکھوں دیکھا حال

F

Face	ایک پلیٹ یا ٹائپ کی طباعتی سطح۔(جس طرف سے چھپائی ہوتی ہے۔
Face Value	قدر عرفی
Facsimile	چربہ۔ مطبوعہ کتاب کی صحیح نقل
Factors	اسباب
Facts and figures	اعداد و شمار
Factual	واقعاتی
Fantastic	عجیب و غریب
Farming	کاشت کاری
Fatty	شحمی
Feature	ایک خاص طرح کا مضمون یا واقعہ جو اطلاع دینے کی بجائے تفریح بہم پہنچانے کے لیے لکھا جاتا ہے۔ یہ غیر خبری مواد کے ذیل میں آتے ہیں۔ جیسے کامکس۔ معمہ اور فکشن وغیرہ
Feature writer	فیچر نگار۔ فیچر لکھنے والا
Feature syndicate	فیچر فراہم کرنے والا ادارہ
Feeling	احساس
Felicific	طرب انگیز
Figure	شکل
Figuration	نقش و نگار
Figure out	اندازہ / تخمینہ لگانا
Figure Card	فائل کارڈ / مسل کارڈ

Filler	مختصر خبری مواد جس سے صفحے کی خانہ پری کی جاتی ہے یہ خبری مواد کب استعمال کیے جا سکتے ہیں اس کے متعلق کوئی وقتی پابندی نہیں برتی جاتی ہے۔
Fillet	باریک لکیر۔ فلٹ
Filter	فلٹر۔ چھننا
Filtration	تقطیر
Final	حتمی۔ آخری۔ مکمل
Final Correction	حتمی تصحیح
Final Draft	حتمی مسودہ
Final Proof	آخری پروف
Fine Arts	فنون لطیفہ
First edition	پہلا اڈیشن۔ اشاعت اول
First leed	فرسٹ لیڈ اس خبر کو کہتے ہیں جسے اخبار کے صفحہ اول پر سب سے بڑی خبر کے طور پر شائع کیا جائے۔ اس کے لیے ضروری نہیں ہے کہ سارے کالموں پر مشتمل ہو۔
First Proof	پہلا پروف
Fiscal year	مالی سال
Five W & One H	چھے کافی اصول

یہ خبربندی کے وہ بنیادی اصول ہیں جن کی بنیاد پر کوئی معمولی واقعہ خبر میں تبدیل ہوتا ہے۔ ہر خبر انہی چھے سوالات پر مشتمل ہوتی ہے۔
What (کیا) Who (کس نے) When (کب) Where (کہاں)
Why (کیوں) How (کیسے)۔ انہیں پانچ W اور ایک H سے موسوم

کیا جاتا ہے۔ اور اردو میں چھپے کافی اصول کے نام سے۔

Flag — پیشانی پہلے صفحے پر اخبار کے نام کو کہتے ہیں۔ وہ جگہ جہاں اخبار کا نام درج ہوتا ہے۔ نہایت ہی اہم خبروں کے لیے پریس ایسوسی ایشنوں کے ذریعے استعمال کیا جاتا ہے۔

Flagrant error — فاش غلطی

Flap — فلیپ۔ مسل بند

Flash — جھلکی۔ خبر کے ماحصل کو ایک مختصر جملے میں دیتا ہے اور تار کے ذریعے جو خبریں بھیجی جاتی ہیں۔ ان میں اس کو اولیت دی جاتی ہے۔ مختصر پیغام جو کسی اہم خبر کے متعلق بتاتا ہے

Flat — سپاٹ

Fat News — سپاٹ خبر

Filmsy — عام طور پر Onion Skin کاغذ یا پتلے حریری کاغذ پر کی گئی خبر کہانی کی کاربن کاپی

Floor man — طباعت کرنے والا عملہ

Flush — کالم کے حاشیے سے ہموار Flush left سرخی اسے کہتے ہیں جو کالم کے بائیں حاشیے سے بائیں کی طرف ملتا ہے اور دائیں حاشیے کی طرف ناہموار ہوتا ہے۔

Flush Head — جو سرخی کالم کی دائیں سمت سے شروع ہو کر بائیں سرے تک نہ پہنچے بلکہ وسط میں ہی ختم ہو جائے۔ اس کی دو تین یا اس سے زیادہ سطریں بھی ہو سکتی ہیں۔ جیسے

امریکہ میں

بش نے صدر کا عہدہ

سنبھال لیا۔

Focus	فوکس۔ ماسکہ
Focus of attention	مرکز توجہ
Foggy	دھندلی تصویر
folk art	لوک کلا۔ لوک فن
Folk ways	لوک ریت/روایت
Follow or Follow up	پہلے شائع شدہ خبر سے متعلق نئی تفصیلات پیش کرنا۔ بعدواقعہ خبر۔ بعد واقعہ خبر سے مراد یہ ہے کہ واقعہ کی اشاعت کے بعد اس کے متعلق جو کارروائی کی گئی ہو اسے شائع کیا جائے۔
Font	وضع ٹائپ؛ ایک ہی سائز اور ایک طرح (اسلوب و شکل) کے ٹائپ کی مکمل درجہ بندی
Foot margin	پائیں حاشیہ
Foot note	زیریں اشارہ۔ حاشیہ۔ پاورقی۔ فٹ نوٹ، توضیحی حاشیہ یا حوالہ
Foot note marks	پاورقی نشان
Foot note to table	جدولی زیریں اشارہ/فٹ نوٹ
foot note typing	پاورقی ٹائپ
Foot note material	زیریں مواد
Foreign Author	غیر ملکی مصنف
Foreword	پیش لفظ۔ آغاز کلام۔ کسی کتاب کا دیباچہ جسے مصنف کے

علاوہ دوسرے شخص نے لکھا ہو۔

Form — فارم۔ نمونہ / صورت / ایک فرمہ میں بند ٹائپ کا ایک صفحہ چھاپہ خانے میں مشین پر ایک دفعہ ایک پلیٹ پر جتنے صفحے چھپتے ہیں ان کو فرمہ کہا جاتا ہے۔ ایک فرمے میں مضمون کی تعداد کا انحصار صفحوں کے سائز پر ہوتا ہے۔

Formal — صوری

Formalism — صوریت

formalities — تکلفات۔ رسمی باتیں

Formally — رسمی یا باقاعدہ طور پر

Format — وضع۔ فارمیٹ۔ کتاب کی شکل حجم اور تقطیع

Formula — فارمولہ / ضابطہ

Formal Hand — مکلف ہاتھ

Formation — تشکیل

Fourth Estate — چوتھا ستون۔ صحافت کو ملک کا چوتھا ستون کہا جاتا ہے۔ اسے یہ نام لارڈ میکالے نے دیا تھا۔ ملک کے پہلے تین ستون مقننہ۔ عدلیہ اور انتظامیہ ہیں۔ اب بعض لوگ ریڈیو اور ٹی وی کو ملک کا پانچواں ستون قرار دینے لگے ہیں۔ مثال کے طور پر امریکی مصنف جیوڈتھ سی ویلر (J.C.Weller) نے اپنی کتاب کا نام ہی Radio the 5 th Estate رکھا ہے۔

frame work — ڈھانچہ

Freehand Drawing — آزاد نقشہ کشی

Free hand Sketching — آزاد خاکہ کشی

Free lance — فری لانس۔ کسی صحافی کا کسی اخبار یا رسالے سے وابستہ نہ ہونا

Free lancer — آزاد صحافی۔ وہ صحافی جو کسی خاص اخبار سے وابستہ نہ ہو اور بہ یک وقت ایک سے زائد اخبارات اور رسالوں کے لیے لکھے۔

Free will — آزاد ارادہ

Free writing — آزاد لکھائی

Freely written headline — آزادنہ تحریر شدہ سرخی

Freely written Caption — آزادانہ تحریر شدہ عنوان

Frequency — تعدد

Front Cover — پیش ورق

Front leaves — پیش اوراق

Front matter — پیش مواد۔ ابتدائی مواد

Frontispiece — سر تصویر۔ سرلوح

Fudge box — طباعت کی پلیٹ پر علاحدہ حروف اور نقوش کو کسنے یا چڑھانے کا طریقہ۔ یہ بنیادی طور پر دوپہر کے اخباروں کے اول صفحوں پر دیر کر کے آئی ہوئی اطلاعات اور کھیل کود کے نتائج کو لانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے

Fudge column — پہلے صفحے کا وہ کالم جو آخری وقت کی خبروں کے لیے رکھا جاتا ہے۔

Full face — واضح ٹائپ۔ Bold Type

Full Page — پورا صفحہ / مکمل صفحہ

Function — فعل۔ تقریب / جلسہ

Functionalism — فعلیت

Future — مستقبل

Future Tense — فعل مستقبل

Future book واقعات کا Citydesk کے ذریعے کیا گیا ریکارڈ جو مستقبل میں واقع ہو گا۔

G

Galley — دھات کی وہ سپاٹ ٹرے جس میں کمپوزنگ روم سے آنے کے بعد ٹائپ رکھا جاتا ہے۔

Galley Proof — گیلی میں سے نکالا ہوا ٹائپ کا پروف۔ ٹائپ کو فرمہ میں لگانے سے پہلے اس پروف کو تصحیح کے لیے پڑھا جاتا ہے۔ اور اس کی تصحیح کی جاتی ہے۔

Gazette — گزٹ۔ جریدہ

General Consciousness — عمومی بیداری

General Edition — عام اڈیشن ۔ عمومی اڈیشن

General overseas service — عمومی سمندر پار سروس

Genuine work — اصلی کام

Geographical artist — جغرافیائی فن کار

Getup — ظاہری وضع قطع

Ghost words — ایسے الفاظ جو کتابت کرنے والے کاتب کی غلطی یا ایڈیٹر کی لاعلمی یا کم علمی کی وجہ سے بن جائیں۔

Gilt edges — مطلا کنارے

Gilt top — مطلا بالائی حصہ

Glaring mistake — فاش غلطی

Glaze — پالش کرنا۔ جلا

Glazed — پالش شدہ۔ مجلا، چمکدار

Glazed paper — چکنا کاغذ۔ پالشی کاغذ۔ مجلا کاغذ

Glazed printing — چمک دار چھپائی

Glazing — جلاکاری۔ گلیزنگ

Glossary — فرہنگ

Glossy — چمکیلی۔ ایک ایسی تصویر جو سخت اور چمکیلی ہوتی ہے۔

Glossy Print — چمکیلی طباعت

Goodwill — خیرسگالی

Gothic — ایک ٹائپ فیس۔ اس کے خطوط کی چوڑائی بھی اتنی ہی ہوتی ہے اور اس کے کوئی شوشہ نہیں ہوتا۔

Gothic writing — گوتھک لکھائی

Grammatical terms — اصطلاحات صرف نحو۔ گرامر کی اصطلاحات

Grand style — اعلیٰ طرز

Grapevine — ٹائپ میں سٹ کیا ہوا مواد جو خالی جگہ کو پر کرنے کے لیے کسی بھی وقت حسب ضرورت استعمال کیا جاتا ہے۔

Guest Editor — مہمان مدیر

Guidance for Author — رہنمائے مصنف

Gouidance for Editor — رہنمائے مدیر

Guide book — رہنماکتابچہ

Guide line — رہنما اصول / ہدایت۔ کہانی کی شناخت کے لیے دیا گیا لیبل جو مسودہ کے ہر ایک صفحہ کے اوپری حصہ پر دیا جاتا ہے۔ اسے Slug بھی کہتے ہیں۔

Guide line for Author — رہنمائے مصنف

Guide line for book reviewers — رہنمائے مبصرین

Guide line for referces — رہنمائے حکم

Gutter Press — بازاری اخبارات

H

Half title — کتاب کا عنوان جو کتاب کی تعریف کے ساتھ ناشر کتاب کے سرورق پر چھاپتا ہے۔

Half title page — نصف عنوان ۔ ادھورا عنوان

Half tone — ایک کندہ چھپائی جو طاعتی پلیٹ پر ابھرے بے شمار چھوٹے چھوٹے نقطوں کے ذریعے ایک تصویر کے رنگوں اور عکسوں کو نقل کرتا ہے۔
تصویر یا عبارت کو دھات کی پلیٹ پر منتقل کرتے وقت اگر اسکرین استعمال کی جائے تو فوٹو گرافی کی اصطلاح میں اسے ہاف ٹون کہتے ہیں۔ اگر اسکرین استعمال نہ کی جائے تو اسے لائن کہا جاتا ہے۔

Hand bill — دستی اشتہار

Hand book _ Handist — دستی کتاب ۔ ایک مختصر رسالہ جس میں کتابوں کے عنوانات مضامین وغیرہ کی فہرست ہوتی ہے

Hand out — ایک پبلسٹی کہانی یا بیان جو چھپنے کے لئے ایک پریس ایجنٹ کے ذریعہ سپلائی کیا جاتا ہے / حکومت کی طرف سے جاری کیا جانے والا بیان

Hand written — قلمی

Hanger کسی بھی سرخی کا وہ حصہ جو کئی کالم کے Desk کے Banner لے نیچے آتا ہے / شہ سرخی کے نیچے کی سرخی جو اس خبر سے متعلق ہو۔

Hanging indentation مسودہ یا سرخی جس کی پہلی سطر سیٹ Flush اور بعد کی سطر میں بائیں طرف برابر کے ساتھ حاشیہ چھوڑنا یا نئے پیراگراف کی پہلی سطر کو حاشیے سے ذرا ہٹا کر لکھنا۔

Hanging indentin آویزاں حاشیہ۔ اس سرخی کو کہتے ہیں جو لٹکتی ہوئی جھالر کی طرح ہوتی ہے۔ عام طور پر یہ تین سطری یا اس سے زیادہ سطور پر مشتمل ہوتی ہے۔ جس کی پہلی سطر کالم کی چوڑائی پر مشتمل ہوتی ہے دوسری سطریں اس کے نیچے اس طرح دی جاتی ہیں کہ داہنی طرف کچھ حاشیہ چھوڑ کر بائیں سرے تک پہنچتی ہیں یا پھر دونوں طرف حاشیہ دیا جاتا ہے۔ اور اسے کالم کے وسط میں دے دیا جاتا ہے۔ دیکھنے پر یوں محسوس ہوتا ہے کہ نیچے کی سطریں اوپر کی سطر کے ساتھ لٹک رہی ہیں۔ اسی بنا پر اس کا نام آویزاں حاشیہ لکھا گیا ہے۔ مثال

کروڑوں جاپانی

باشندے

کل شہنشاہ کے جنازے

میں شریک ہوں گے

Haplography کاتب کی غلطی جس میں ایک حرف یا حروف کو دو مرتبہ لکھنے کی بجائے۔ ایک بار لکھا گیا ہو۔ جیسے۔ Titellate کی بجائے Tillate لکھنا۔

Haplology تخفیف

Hard News واقعاتی خبر۔ واقعاتی خبر سے مراد واقعہ کا بے کم و کاست بیان ہے۔

جس میں تشریح و تجزیے کی گنجائش بہت کم ہوتی ہے۔

Hard sources بنیادی یا مصدقہ ذرائع۔ جب کوئی خبر کسی ایسے شخص کے توسط سے ملتی ہے جو اس سے بخوبی واقف ہوتا ہے اور اس اطلاع کی تشہیر کا استحقاق رکھتا ہے تو اس شخص (ذریعہ) کو بنیادی یا مصدقہ ذریعہ کہا جائے گا

Hawker اخبار فروخت کرنے والا۔ ہاکر۔

Head سرورق پر ایک لکیر جس میں عنوان، صفحہ وغیرہ دیے جاتے ہیں۔

Head Count سرخی کی ایک سطر میں اکائیوں، حروف اور وقفے (اوقات) کا نمبر

Heading عنوان۔ سرخی

Handing, Sub وہ سرخی جو مواد (خبر، مضمون، کتاب) کے اندر دی جاتی ہے۔ یہ سرخی کالم یا صفحے کے وسط میں دی جاتی ہے۔

Head line شاہ سرخی۔ اخبار میں خبروں کے اوپر واضح لفظوں میں لکھی ہوئی سرخی جو اسی خبر کے کسی حصے سے بنائی جاتی ہے۔ شاہ سرخی کہلاتی ہے۔

Head linex سرخی میں چھوٹے الفاظ استعمال کرنے کی ضرورت کے نتیجے میں جو ناقابل فہم اصطلاح میں (Jargon) استعمال کی جاتی ہیں اسے (Head linex) کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر اس طرح کے الفاظ

Rap, Hit Solon

Head margin بالائی حاشیہ

Head title پیش عنوان

Health centre مرکز صحت

HTC or HTK (Head_ toCo me) مخفف۔ ہیڈ ٹو کم کا

Heliograph	شمسی پیغام رساں ایک آلہ جو سورج کی روشنی یا دھوپ کو متحرک آیئنے میں منعکس کر کے خبر رسانی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے
Heliographic	شمسی آلہ خبرِ رسانی کے متعلق
Heliography	شمسی خبر رسانی
Heterography	غلط املا
Hieroglyphy	تصویری تحریر
High light	جھلکی۔ کسی خبر یا مضمون کے بعض اہم حصوں کو عام متن سے جلی کر کے یا دوسرے رنگ میں الگ چھاپنا
Historiated initial	تاریخی آغازیہ
Hollow	کھوکھلا۔ خلا
Hook	دو لفظی اور سہ لفظی عنوان جیسے (بہار میں طوفان) (یوپی میں زلزلہ)
Homo	ہم جنس
Homogeneous	ہم قسم
Homo Sexual	ہم جنس پرست
Homophonos	متشابہ الصوت
Horizontal	افقی
Horizontal alignment	افقی سیدھ بندی / خط بندی
Horizontal decorative effect	افقی آرائش کا اثر
Hot news	گرم گرم خبر تازہ ترین اور اہم خبر
House of Commons	دیوان عام
House of Lords	دیوان خاص
House style	گھریلو طرز

Human Creativity — انسانی تخلیق

Human interest — ایک ایسی خبری کہانی جو اپنی معنویت کے لحاظ سے دلچسپ نہیں ہے بلکہ جذباتی اپیل کے نقطہ نظر سے دلچسپ ہے یہ واقعات پر زور دینے کے بجائے عوام پر زور دیتی ہے۔

Human shape — انسانی شکل و صورت

Humanistic hand(Writing) — قرون وسطی کی طرز تحریر۔ رسم الخط قرون وسطی

Humour — مزاح

Hyphen — وصلہ۔ ہائفن

I

Ibid (Ibiden) — ایضاً

Idea — خیال

Ideal pattern — مثالی نمونہ / طرز

Idem — بعینہ

Identical — مماثل

Identical equation — عینی مساوات

Identification — شناخت

Illumination — تنویر (چراغاں)

Illustrate — باتصویر بنانا

Illustrated Cover — باتصویر کتاب پوش

Illustrated page — باتصویر صفحہ

Illustration — تزئین۔ تصویر

Illustrator — تزئین کار۔ مصور

Image — شبیہ۔ تمثال

Imbalance — عدم توازن

Imitation	نقلی
Imperative	امر
Impact	اثر
Imperfect	ناتمام
Imperialism	سامراج
Implements	نفاذ
Impress	متاثر
Impression	تاثر۔ نقش
Imprint	مہرناشر، طباعتی کوائف۔ طابع یا ناشر کے نام جگہ، تاریخ طباعت وغیرہ کا ٹھپا چھاپ
Imprint date	سن اشاعت / سن طباعت
Inaccuracy	سقم، نادرستی
Inaccurate	غلط۔ نادرست
Incentive	تحریک، ترغیب
Inclination	میلان
Incomplete	ناقص۔ نامکمل
Incomplete Verb	فعل ناقص
Indefinite Number	عدد غیر معین
Indent	جگہ چھوڑنا
Indepth or Depth Reporting	جامع خبرنگاری
Index	اشاریہ
Index card	انڈکس کارڈ، اشاریہ کارڈ
Index of account book	بہی کھاتے کا اشاریہ

Index of advertisers — مشتہرین کا اشاریہ
